© rasailojaraid.com



**جہادِ افغانستان اور فتحِ مبین** | مرتب و مؤلف : مولانا مشتاق احمد عباسی ۔

ناشر : ادارۂ صدیقیہ نزد حسین ڈی سلوا ۔ گارڈن ویسٹ نشتر روڈ کراچی ۳ ۔
ضخامت : ۲۴۰ صفحات ۔ قیمت : ۳۲/- روپے ۔

افغانستان ، جو جیالے مسلمان افغانوں کی سرزمین ہے ۔ روس نے سپر پاور ہونے کے زعمِ باطل میں مبتلا ہو کر اس پر راتوں رات شب خون مارا اور یلغار کر دی ۔ اس سے پہلے برطانیہ نے بھی ایسی حماقت کی تھی ۔ برطانیہ کو جس طرح غیور افغانوں نے شکستِ فاش سے دوچار کیا ۔ اسی طرح روس کو باوجود بے سروسامانی کے افغان مجاہدین نے ایسے ناکوں چنے چبوائے کہ اسے چھٹی کا دودھ یاد آ گیا ۔ اور دم دبا کر بھاگ کھڑا ہوا ۔

نہتے ، بے سروسامان مجاہدین نے جدید ترین ٹیکنالوجی کا مقابلہ کس طرح کیا ؟ اس کتاب میں اسی سوال کا جواب دیا گیا ہے ۔ حقیقی واقعات سے وابستہ یہ کتاب جذبۂ جہاد اور شوقِ شہادت پیدا کرنے اور بیدار کرنے کے لیے نہایت عمدہ تالیف ہے ۔

(ع ۔ و)

---

**بعثتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم** | مؤلف : وسیم ڈار ۔ ناشر : اساس پبلشرز ، پوسٹ بکس ۱۱۵۸۰ ۔ کراچی ۔ ۷۴۸۰۰ ۔ ضخامت : ۲۶ صفحات ۔ قیمت درج نہیں ۔

یہ مختصر سا پمفلٹ ہے ، جس میں مذاہبِ عالم کی مقدس کتابوں میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں درج بشارتوں کو بحوالہ ایک جگہ جمع کیا گیا ہے ۔ یہ بشارتیں نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کی واضح شہادتیں ہیں ــــ ما شهدت به الاعداء کے مطابق ، مخالف کی گواہی بڑی وزنی دلیل ہے اس کے مطالعہ کی سفارش کی جاتی ہے ۔

---

© rasailojaraid.com